Advocates for Children of New York
Protecting every child's right to learn

# NYC کے سکولوں میں مہاجرین طلباء کے ساتھ غنڈہ گردی، ہراساں کرنا اور امتیازی سلوک برتنا

آپ کے بچے کو حق ہے کہ ایسے سکول میں جائے جہاں وہ محفوظ اور حمایت یافتہ ہو اور اس کے ساتھ کوئی غنڈہ گردی، ہراساں کیا جانا اور امتیازی سلوک نہ برتا جائے۔ **نیو یارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن (DOE) نسل، رنگت، قومیت، قومی ماخذ، امیگریشن کی حالت یا مذہب کی بنیاد پر غنڈہ گردی، ہراساں کرنے یا امتیازی سلوک کی اجازت نہیں دیتا۔** اس رویے کی اجازت ہرگز نہیں خواہ یہ سکول کے میدانوں میں برتا جائے، سکول سے پہلے یا بعد میں، DOE کی گاڑیوں میں، DOE کے سپانسر کردہ ایونٹس میں، اور کبھی کبھار تب بھی جب یہ رویہ سکول پراپرٹی کے باہر پیش آئے اور سکول کے متعلق ہو۔

کسی طالب علم کے ساتھ غنڈہ گردی، ہراساں کرنے یا امتیازی سلوک برتنے کے رویے کی اطلاع دینے پر کسی کو سزا نہیں دی جا سکتی۔

## DOE میرے بچے کو غنڈہ گردی، ہراساں کیے جانے اور امتیازی سلوک سے کیسے بچاتا ہے؟

DOE طلباء کو کسی ایسے انداز سے پیش آنے کی اجازت نہیں دیتا جو دیگر طلباء کو غیر محفوظ محسوس ہونے دے یا جو ان کو طبعی چوٹ یا جذباتی نقصان پہنچا سکتا ہو۔ DOE ایسے رویے کی اجازت نہیں دیتا جو کسی اور طالب علم کی تعلیم، ذہنی یا جذباتی صحت یا طبعی صحت میں مداخلت کرے۔

## غنڈہ گردی، ہراساں کرنا اور امتیازی سلوک کیسے لگتے ہیں؟

غنڈہ گردی، ہراساں کرنا اور امتیازی سلوک کئی صورتیں اختیار کر سکتا ہے۔ یہ طبعی، زبانی، معاشرتی یا تحریری ہو سکتی ہیں۔ ذیل میں کچھ مثالیں ہیں:

- **طبعی** – کسی کو مارنا، دھکا دینا اور کسی اور کی چیزیں توڑنا۔
- **زبانی** – میں چڑانا، دھمکیاں دینا، تکلیف پہنچانے والے مذاق کرنا، برے ناموں سے پکارنا اور برزہ سرائی شامل ہیں۔
- **معاشرتی** – میں کسی طالب علم کو بے عزت یا علیحدہ کرنے کی غرض سے ساتھیوں کے گروپس سے باہر رکھنا شامل ہے۔
- **تحریری** – میں ہراساں کرنے، غنڈہ گردی، یا امتیازی سلوک کرنے کیلئے گرافیٹی، تصاویر، تحریری مواد، ڈرائنگز اور ویڈیوز، یا انٹرنیٹ استعمال، سیل فون، ای میل، گیمنگ سسٹمز اور سوشل میڈیا کا استعمال کرنا شامل ہے۔

## اگر غنڈہ گردی، ہراساں کرنا یا امتیازی سلوک سکول کے میدانوں کے باہر پیش آتا ہے، تو؟

DOE سکول کے باہر پیش آنے والی غنڈہ گردی، ہراساں کیے جانے، یا امتیازی سلوک کی اجازت نہیں دیتا اگر وہ آپ کے بچے کے علم حاصل کرنے میں مداخلت کرتا ہو یا سکول کی کمیونٹی کو نقصان پہنچا سکتا ہو۔

## اگر غنڈہ گردی، ہراساں کرنا، یا امتیازی سلوک سکول کے عملے کی جانب سے ہو، تو؟

سکول کے عملے کو طلباء کے ساتھ غنڈہ گردی، ہراساں کرنے یا امتیازی سلوک کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ والدین اور طلباء پرنسپل کو بتا کر، آفس آف سپیشل انویسٹیگیشنز (OSI) کو 935-3800 (718) پر کال کر کے، یا OSI کو مندرجہ ذیل لنک پر ایک آن لائن رپورٹ جمع کرا سکتے ہیں .https://www.nycenet.edu/offices/osi/CPR_Form/form.aspx

## اگر میرے بچے کے ساتھ غنڈہ گردی کی جا سکتی ہو تو مجھے کیسے پتہ چلے گا؟

تمام بچے غنڈہ گردی، ہراساں کیے جانے یا اپنے خلاف ہونے والے امتیازی سلوک کے بارے میں بات نہیں کرتے۔ ذیل میں کچھ خطرے کی علامات ہیں کہ کسی بچے کے ساتھ غنڈہ گردی کی جارہی ہو سکتی ہے:

- سونے میں دشواری ہونا یا ڈراؤنے خواب آنا
- کم گریڈز یا سکول میں دلچسپی نہ رہنا
- سکول جانے کا دل نہ کرنا
- احساسِ کمتری
- ان پر چوٹیں، نشان، یا نیل ہوتے ہیں جن کی وہ وضاحت نہیں کر پاتے۔
- گمی ہوئی یا تباہ شدہ املاک
- متواتر سردرد، پیٹ کے درد، بیمار محسوس کرنے یا بیمار ہونے کا بہانا کرنا

یاد رکھیں! تمام بچوں میں یکساں خطرے کی علامات نہیں ہوتیں، اور ہو سکتا ہے بعض میں کوئی بھی نہ ہوں!

## اگر میرا بچہ غنڈہ گردی، ہراساں کیے جانے یا امتیازی سلوک کا شکار ہوا ہو تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

1. **فوری طور پر سکول کو حادثے کی اطلاع کریں۔** آپ اور آپ کا بچہ سکول پر کسی کو حادثے کی اطلاع دے سکتے ہیں۔ لازمی نہیں ہے کہ یہ پرنسپل ہی ہو۔ حادثے کو 24 گھنٹوں کے اندر اندر لازماً DOE کے آن لائن اکرنس رپورٹنگ سسٹم (OORS) میں درج کیا جانا چاہیے۔ آپ ایک OORS رپورٹ کی ایک نقل کی درخواست کر سکتے ہیں۔

2. **اگر آپ سکول کے عملے کو واقعے کی اطلاع دینے میں پرسکون محسوس نہیں کرتے، یا اگر آپ نے سکول کے عملے کو اطلاع دی ہے لیکن رویہ جاری رہا ہے، تو آپ آفس آف سکول اینڈ یوتھ ڈیویلپمنٹ (OSYD) کو ای میل کر سکتے اور اطلاع دے سکتے ہیں۔**
   - ای میل ایڈریس ہے: **RespectforAll@schools.nyc.gov**
   - آپ ایک گمنام اطلاع بھی دے سکتے ہیں۔
   - آپ اپنی زبان میں بھی ای میل لکھ سکتے ہیں۔
   - آپ ایک حوالہ جاتی نمبر موصول کریں گے تاکہ آپ رپورٹ کی نگرانی کر سکیں۔

3. **سکول کے پرنسپل کو اطلاع ملنے کے 5 دن کے اندر اندر اطلاع کی تفتیش کرنا ہوگی اور یہ طے کرنا ہو گا کہ آیا آپ کے بچے کے خلاف غنڈہ گردی، ہراساں کیے جانا یا امتیازی سلوک ہوا تھا۔** تفتیشوں میں لازماً مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہونی چاہیئیں:
   - اس طالب علم کے ساتھ انٹرویو جس نے مبینہ طور پر غنڈہ گردی، ہراساں کیے جانے یا امتیازی سلوک کا سامنا کیا ہے۔ اگر آپ کا بچہ انگریزی نہیں بولتا تو DOE کو ایک مترجم فراہم کرنا چاہیئے۔
   - غنڈہ گردی، ہراساں کیے جانے یا امتیازی سلوک برتنے والے طالب علم کے ساتھ ایک انٹرویو۔
   - کوئی سے گواہان کی جانب سے انٹرویوز اور تحریری بیانات۔

4. **پھر پرنسپل طے کرے گا کہ آیا رویہ غنڈہ گردی، ہراساں کرنے یا امتیازی سلوک برتنے کا تھا یا نہیں۔** پرنسپل بہت سے عناصر کو مدنظر رکھے گا مثلاً طلباء کی عمریں، کیا ہوا تھا، رویہ کتنا سنجیدہ

ہے، رویہ کتنی مرتبہ پیش آیا اور پیش آنے کے دوران ہر مرتبہ یہ کتنی دیر برقرار رہا، وہ پیرایہ جس میں رویہ پیش آیا، رویہ کہاں پیش آیا، ملوث شدہ طلباء کی تعداد، اور یہ کہ آیا رویے نے طالب علم کی تعلیم کو نقصان پہنچایا۔

5. **ملوث طلباء کے والدین کو تفتیش کے نتائج کے متعلق مطلع کیا جائے گا۔**
DOE کو والدین کے ساتھ ایسی زبان میں مواصلت کرنی چاہیئے جسے وہ سمجھتے ہوں۔ اگر رویے نے ڈسپلن کوڈ کی خلاف ورزی کی ہو، تو سکول مناسب تادیبی کاروائی کرے گا۔ اگر رویہ ایک مجرمانہ عمل ہوا، تو سکول پولیس سے رابطہ کرے گا۔ اگر مناسب ہوا، تو سکول کاؤنسلنگ، معاونت یا دیگر امدادی مداخلتوں کا مشورہ دے سکتا ہے۔

6. **پرنسپل کو یہ یقینی بنانا پڑے گا کہ وہ رویہ رک جائے۔**

اگر آپ نے یہ اقدامات اٹھائے ہیں اور آپ کے بچے کے خلاف پھر بھی غنڈہ گردی، ہراساں کیا جانا یا امتیازی سلوک جاری ہے، تو آپ مدد کیلئے Advocates for Children سے رابطہ کر سکتے ہیں: سوموار تا جمعرات ہماری **تعلیمی ہیلپ لائن** پر صبح 10 تا سہ پہر 4 بجے 1-866-427-6033 پر کال کریں۔ ہم آپ کی زبان بولتے ہیں۔

## کیا میرا بچہ حفاظتی وجوہات کیلئے کسی اور سکول میں تبادلہ کر سکتا ہے؟

اگر آپ کے بچے کے خلاف غنڈہ گردی، ہراساں کیا جانا یا امتیازی سلوک برتا گیا ہو تب بھی اسے سکول میں رہنے کا حق ہے۔ پرنسپل کو لازماً اس رویے کو روکنا ہو گا تاکہ آپ کا بچہ سکول میں محفوظ محسوس کرے۔ البتہ، اگر آپ کو اپنے بچے کی حفاظت کے سلسلے میں خوف ہے تو آپ یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ درخواست کریں کہ آپ کے بچے کو کسی اور سکول منتقل کیا جائے۔

آپ ایک فیملی ویلکم سینٹر میں جا کر اور اپنی دستاویز کی معاونت کرنے والی دستاویزات، مثلاً OORS رپورٹ، طبی ریکارڈز یا بچے کے فراہم کار کی جانب سے ایک خط کی ایک نقل دے کر حفاظت کیلئے تبادلے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یا پھر، آپ اپنے بچے کے سکول میں پرنسپل، ڈین، یا اسسٹنٹ پرنسپل آف سیفٹی سے حفاظت کیلئے تبادلے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ سکول کا سٹاف پھر دستاویزات کو حفاظت کیلئے تبادلے کی تفتیش اور اِن ٹیک فارمز کے ساتھ فیملی ویلکم سینٹر بھیجے گا۔ آفس آف سٹوڈنٹ اینرولمنٹ کو 5 کاروباری دنوں کے اندر اندر ایک فیصلہ لینا ہو گا۔

## اگر میں، بطور والد/والدہ سکول سٹاف کی جانب سے امتیازی سلوک کا سامنا کروں تو؟

اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کے بچے کے سکول میں کسی نے آپ کے خلاف آپ کی نسل، رنگ، قومیت، قومی ماخذ، امیگریشن کی کیفیت یا مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک کیا ہے، تو Office of Equal Opportunity and Diversity Management کے شکایتی یونٹ پر 3320-935 (718) پر کال کریں۔

**Advocates for Children of New York, Inc.**
151 West 30th Street, 5th Floor, New York, NY 10001
Jill Chaifetz Education ہیلپ لائن: 1-866-427-6033(ٹال فری)
سوموار تا جمعرات، صبح 10 بجے تا سہ پہر 4 بجے

یہ حقائق کی شیٹ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ یہ حقائق کی شیٹ AFC کی رائے بیان کیے بغیر موجودہ پالیسیز یا قوانین کا خلاصہ کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ اگر آپ کو کوئی قانونی مسئلہ ہے، تو براہِ کرم کسی اٹارنی یا ایڈوکیٹ سے رابطہ کریں۔
حقوقِ اشاعت © دسمبر 2016 از Advocates for Children of New York, Inc.